PDMA
Provincial Disaster Management Authority
Sector B-2 Phase-V Hayatabad, Peshawar, Khyber Pakhtunkhwa.
Phone: (091) 9219635, 9219636 Fax: (091) 9219637
www.pdma.gov.pk

پی ڈی ایم اے اپڈیٹس:

مورخہ:28جولائی2026

# مون سون موسمی انتباہ[ ایڈوائزری]

## پریس ریلیز

**خیبر پختونخوا میں 29 جولائی سے 5 اگست تک مزید مون سون بارشوں کی پیشگوئی، پی ڈی ایم اے نے ضلعی انتظامیہ کو ضروری حفاظتی اقدامات کی ہدایت کر دی۔**

پشاور: محکمہ موسمیات کی پیشگوئی کے مطابق خیبر پختونخوا کے بیشتر اضلاع میں 29 جولائی سے 5 اگست تک وقفے وقفے سے بارش، تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ موسلادھار بارش کا امکان ہے۔ پی ڈی ایم اے کے مطابق 29 جولائی سے بحیرہ عرب اور خلیج بنگال سے مون سون ہوائیں ملک کے بالائی اور وسطی علاقوں میں داخل ہوں گی، جبکہ یکم اگست سے مغربی ہواؤں کا سلسلہ بھی شدت اختیار کر کے بالائی اور وسطی علاقوں کو متاثر کر سکتا ہے۔

موسمیاتی صورتحال کے باعث چترال اپر ولوئر، دیر اپر ولوئر، سوات، بار سوات، شانگلہ، بونیر، ملاکنڈ، باجوڑ، اپر ولوئر کوہستان، کولئی پالس، بٹگرام، تورغر، مانسہرہ، ایبٹ آباد، ہری پور، مردان، صوابی، خیبر، مہمند، پشاور، چارسدہ، نوشہرہ، کوہاٹ، کرم، ہنگو، اورکزئی، کرک، بنوں، لکی مروت، ڈیرہ اسماعیل خان، ٹانک، شمالی اور جنوبی وزیرستان میں بارش اور تیز ہواؤں کا امکان ہے۔

پی ڈی ایم اے نے خبردار کیا ہے کہ شدید بارش، تیز ہواؤں اور آسمانی بجلی کے باعث کھڑی فصلوں اور کمزور تعمیرات، بجلی کے کھمبوں، بل بورڈز اور سولر پینلز کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔ بالائی علاقوں میں 30 جولائی سے 5 اگست کے دوران لینڈ سلائیڈنگ کا بھی خدشہ ہے۔

پی ڈی ایم اے کے مطابق چترال، دیر، سوات، شانگلہ، بٹگرام، مانسہرہ، کوہستان اور ایبٹ آباد کے مقامی ندی نالوں میں طغیانی اور فلیش فلڈ کا امکان ہے، جبکہ سوات، ایبٹ آباد، پشاور، چارسدہ، مردان، صوابی اور نوشہرہ کے نشیبی علاقوں میں 30 جولائی سے 4 اگست تک اربن فلڈنگ کا خدشہ ہے۔

پی ڈی ایم اے نے تمام ضلعی انتظامیہ کو ہدایت کی ہے کہ حساس علاقوں اور کمزور آبادیوں میں پیشگی اقدامات یقینی بنائے جائیں۔ دریاؤں، ندی نالوں اور برساتی نالوں کی مسلسل نگرانی کی جائے، نکاسی آب کے نظام کو صاف رکھا جائے اور اہم سڑکوں کو آمدورفت کے لیے کھلا رکھنے کے اقدامات کیے جائیں۔

متعلقہ اداروں کو ہدایت کی گئی ہے کہ سیلاب، فلیش فلڈ اور لینڈ سلائیڈنگ کے ممکنہ خطرے والے علاقوں میں ریسکیو عملے اور ضروری آلات کی دستیابی یقینی بنائی جائے، جبکہ ضرورت کے وقت ریسکیو 1122 کی ٹیموں کو فوری طور پر متحرک کیا جائے۔

پی ڈی ایم اے نے سیاحوں اور مسافروں کو ہدایت کی ہے کہ خراب موسم کے دوران غیر ضروری سفر سے گریز کریں۔ دریاؤں، ندی نالوں اور برساتی نالوں سے کم از کم 20 فٹ کا محفوظ فاصلہ برقرار رکھیں، بارش کے دوران پانی میں تیرنے اور بہتے پانی کو عبور کرنے کی کوشش نہ کریں۔ شدید بارش میں پہاڑی علاقوں میں ٹریکنگ، ہائیکنگ اور کیمپنگ سے بھی گریز کیا جائے۔

عوام کو ہدایت کی گئی ہے کہ گرج چمک اور تیز ہواؤں کے دوران محفوظ اور مضبوط عمارتوں میں پناہ لیں اور بجلی کی کھلی یا خراب تاروں اور برقی آلات کو چھونے سے گریز کریں۔

پی ڈی ایم اے کا صوبائی ایمرجنسی آپریشن سینٹر صورتحال کی 24 گھنٹے نگرانی کر رہا ہے۔ کسی بھی ہنگامی صورتحال یا ناخوشگوار واقعے کی اطلاع پی ڈی ایم اے کی ٹول فری ہیلپ لائن 1700 پر دی جاسکتی ہے۔

**ترجمان پی ڈی ایم اے، خیبر پختونخوا**